# ٹیچرز گائیڈ

کلاس 3 کے لئے



# ٹیچر کے لئے ہدایت

- تصویروں اور اس سے متعلق سرگرمیوں کو اس طرح لے کر چلیں کہ بچے سیکھنے اور سوچنے میں دلچسپی لیں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ لکھنے اور پڑھنے کے ساتھ ساتھ بچوں میں خود اعتمادی سے بات چیت کرنے کی صلاحیت بھی پیدا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ اس ٹیچرز گائیڈ میں بچوں کے ساتھ گفتگو پر زور دیا گیا ہے۔
- بچوں سے تصویروں کے حوالے سے بات چیت کریں۔ ان کی بات یا جوابات کو غلط نہ کہیں، جہاں ضرورت ہو وہاں پیار سے اصلاح کریں۔
- ہر تحریری کام سے پہلے بچوں کو سمجھائیں کہ انہیں کیا کرنا ہے۔
- ہر تحریری کام کے وقت بچوں کے پاس جا کر ان کی مدد کریں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ کلاس میں گفتگو کے دوران سب بچے ایک ساتھ نہ بولیں۔ ایک وقت میں ایک بچہ بولے اور کلاس میں discipline قائم رہے۔
- جہاں بھی ضرورت محسوس ہو کلاس میں اور گھر کے کام میں revision کا کام کروائیں۔
- اس ٹیچرز گائیڈ میں 10 سیشن ہیں۔ ہر سیشن 45 منٹ کا ہے۔ اگر آپ کے اسکول میں ایک پیریڈ کا دورانیہ 45 منٹ سے کم یا زیادہ ہو تو سیشن میں رد و بدل کر لیں۔
- اگر کسی روز سیشن میں وقت بچ جائے تو کبھی دوہرائی کروائیں، کبھی کہانی سنائیں اور کبھی بچوں کو ان کی مرضی کا کوئی کام کرنے کے لئے دیں۔
- ہوم ورک ہمیشہ بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں اتاریں۔
- جہاں جہاں لفظ 'بچہ' استعمال کیا گیا ہے، اسے بچہ یا بچی پڑھیں۔

# آم کا درخت

## سیشن 1

**15 منٹ** • بچوں سے ان کے پسندیدہ پھلوں کے نام پوچھیں۔

- اکثر بچے آم پسند کرتے ہیں اور اس کا نام لیں گے۔
- بچوں سے پوچھیں کہ انہیں آم کیوں پسند ہے۔
- بورڈ پر دو کولم بنا کر سردی اور گرمی کے پھلوں کے نام لکھیں۔

**10 منٹ** • بچے کتاب **میں کون ہوں** کھولیں۔ کہانی **آم کا درخت** پڑھ کر سنائیں۔

- بچوں کو بتائیں کہ کچے آم کو کیری کہتے ہیں۔
- 6 - 8 بچوں سے کہانی پڑھوائیں۔مشکل الفاظ پڑھنے میں مدد کریں۔

**15 منٹ** • بچوں سے کہیں کہ بورڈ پر لکھے ہوئے گرمی اور سردی کے پھلوں کے نام کی فہرست اپنی کوپی میں اتاریں۔

### ہوم ورک

**5 منٹ** • کچے اور پکے آم سے بننے والی 5 چیزوں کے نام لکھ کر لائیں۔

**ٹیچر کے لئے نوٹ**

سیشن 2 کے لئے ہرے اور پیلے رنگ کی پنسلوں کا بچوں کی تعداد کے مطابق انتظام کر لیں۔

# سیشن 2

**10 منٹ**

- بچے جن چیزوں کے نام لکھ کر لائیں ہیں وہ پوچھیں۔

- 8 - 6 بچوں سے کہانی پڑھوائیں۔

**20 منٹ**

- سوال جواب کروائیں۔ بورڈ پر سوال لکھیں۔ بچے بورڈ سے سوال اتاریں۔ جواب اپنی کوپی میں لکھیں۔

1) کچے آم کا رنگ کیسا ہوتا ہے؟
2) کچے آم کا ذائقہ کیسا ہوتا ہے؟
3) پکے آم کا رنگ کیسا ہوتا ہے؟
4) پرندے درخت پر کہاں بیٹھتے ہیں؟
5) بچے درخت کے سائے میں کیا کرتے ہیں؟

**15 منٹ**

- بچوں میں ہری اور پیلی پنسلیں تقسیم کریں۔ بچوں سے کہیں کہ اپنی کوپی میں آم کا درخت بنائیں اور اس میں رنگ بھریں۔ کچے پکے آم بھی درخت پر دکھائیں۔ آم کے درخت کے بارے میں 2 جملے لکھیں۔

# سیشن 3

**10 منٹ** • بچوں سے پھلوں اور سبزیوں کے بارے میں بات چیت کریں۔

- ان سے پوچھیں کہ انہیں کون سے پھل اور سبزی اچھے لگتے ہیں۔ ہر بچہ ایک پھل اور ایک سبزی کا نام بتائے۔
- ممکن ہے بچے ٹماٹر کا نام لیں۔ بچوں کو بتائیں کہ ٹماٹر عام طور سے سبزی میں شمار کیا جاتا ہے۔ اصل میں یہ پھل ہے۔
- اب بچوں سے کہیں کہ ہم ایک چھوٹی سی کہانی ٹماٹر کے بارے میں پڑھیں گے۔
- بچے کہانی ٹماٹر کھولیں۔ کہانی پڑھ کر سنائیں۔

**10 منٹ** • 8 - 6 بچوں سے کہانی پڑھوائیں۔

- مشکل الفاظ بورڈ پر توڑ کر لکھیں اور بچوں سے پڑھوائیں۔

**10 منٹ** • چاروں صوبوں کے نام بورڈ پر لکھیں۔ بچوں کے ساتھ مل کر انہیں دو چار مرتبہ دوہرائیں۔ مختلف صوبوں میں پیدا ہونے والے پھلوں کے نام بتائیں۔ مثلاً:

- پنجاب میں آم اور کینو
- سندھ میں کیلا اور آم
- بلوچستان میں انگور اور کھجور
- خیبر پختونخوا میں سیب اور ناشپاتی

**15 منٹ** • بچے کوپی نکالیں۔ کہانی میں دیئے گئے 5 تین حرفی الفاظ تلاش کر کے لکھیں۔ مثلاً: میں اور جگہ۔

## ٹیچر کے لئے نوٹ

سیشن 4 کے لئے بچوں کی تعداد کے مطابق سادہ کاغذ اور لال، نارنجی اور ہرے رنگ کی کلر پنسلوں کا انتظام کر لیں۔

# سیشن 4

**10 منٹ**
- 10 - 8 بچوں سے کہانی پڑھوائیں۔

**35 منٹ**
- بچوں میں سادہ کاغذ اور کلر پنسلیں تقسیم کریں۔ بچے ٹماٹر کا بڑا سا خاکہ بنائیں اور اس میں رنگ بھریں۔
  - ٹماٹر کے خاکہ کے اندر ٹماٹر کے بارے میں 5 - 4 الفاظ لکھیں۔ مثلاً: لال کھٹا

## چوہا

# سیشن 5

**10 منٹ** • کہانی چوہا پڑھنے سے پہلے بچوں سے بات چیت کریں۔ ان سے پوچھیں کہ عام طور پر کون سے چھوٹے چھوٹے جانور یا کیڑے گھروں میں پائے جاتے ہیں۔ پہلے اپنے گھر اور گلی کے جانوروں کے بارے میں بچوں کو بتائیں پھر بچوں کو بولنے کا موقع دیں۔ بچے مختلف جانوروں اور کیڑوں کے نام لیں گے جس میں چوہا بھی شامل ہو گا۔

**15 منٹ** • 8 - 6 بچوں سے کہانی چوہا پڑھوائیں۔ جو بچے روانی سے پڑھ سکتے ہیں وہ پہلے پڑھیں پھر دوسرے بچوں کو موقع دیں اور پڑھنے میں ان کی مدد کریں۔ بچوں سے پوچھیں۔

- چوہا کہاں رہتا ہے؟
- وہ کیا کھاتا ہے؟
- چوہے کا دشمن کون ہے؟
- چوہا کس کا دشمن ہے؟
- کس کس کے گھر میں چوہا آتا ہے اور وہ اسے کیسے بھگاتے ہیں؟

**10 منٹ** • بچوں سے کہیں اپنی کوپیاں کھولیں۔ گھروں میں رہنے والے 5 جانوروں / کیڑوں کے نام لکھیں۔ مثلاً:
چوہا چھپکلی لال بیگ مچھر کھٹمل

### ہوم ورک

**10 منٹ** • نیچے دیئے گئے الفاظ سے املا کی تیاری کر کے آئیں۔
اوپر آؤں جاؤں کھیلوں منع مرضی چھپ مجھ نظر دیکھتے

# سیشن 6

**15 منٹ** • بچوں سے کہیں کہ اپنی کوپی نکالیں اور املا لکھیں۔

- املا کی اصلاح کروائیں۔
- بچوں سے کہیں کہ دو دو بچے آپس میں کوپی تبدیل کریں۔
- جن الفاظ سے املا لیا گیا تھا وہ الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ بچوں سے کہیں کہ بورڈ پر لکھے گئے الفاظ دیکھ کر ایک دوسرے کا املا چیک کریں اور پھر کوپی ایک دوسرے کو واپس کر دیں۔
- بچے اپنی کوپی میں غلطیوں کی اصلاح کریں۔
- بعد میں خود بھی بچوں کی کوپی چیک کریں۔ نمبر دیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

**30 منٹ** • بچوں کو بتائیں کہ جانوروں کے بھی گھر ہوتے ہیں۔ مثلاً:
چوہے کا بل    گھوڑے کا اصطبل    مرغی کا ڈربہ

- اسی طرح ہم انسانوں کے بھی اپنے اپنے گھر ہوتے ہیں جس میں ہم آرام سے رہتے ہیں۔ بچوں سے کہیں کہ اپنے اپنے گھر کے بارے میں 5 جملے لکھیں اور اپنے گھر کی تصویر بنائیں۔

# سورج

## سیشن 7

**10 منٹ** • کہانی سورج شروع کرنے سے پہلے بچوں سے زبانی بات چیت کریں۔

- بچوں کو بتائیں کہ سورج ایک ستارہ ہے۔
- سورج سے ہمیں روشنی ملتی ہے۔
- بچوں سے پوچھیں سورج سے ہمیں کیا کیا فائدے حاصل ہوتے ہیں؟ یہ ہمارے کس کام آتا ہے؟
- اگر سورج نہ ہو تو کیا ہو گا؟ اس کے جواب میں بچے جو کہیں ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

**5 منٹ** • کہانی سورج پڑھ کر سنائیں۔ بچوں کو چار موسموں کے بارے میں بتائیں۔

**15 منٹ** • الفاظ کی ضد پر کام کروائیں۔ بچے یہ کام اپنی کوپی میں لکھیں۔

| الفاظ | ضد |
|---|---|
| سردی | گرمی |
| آسمان | زمین |
| دن | رات |
| مشرق | مغرب |
| پسند | ناپسند |
| روشنی | اندھیرا |

15 منٹ • بچوں کو بھاری الفاظ کے بارے میں بتائیں کہ جن الفاظ میں ھ استعمال ہو وہ بھاری الفاظ کہلاتے ہیں۔

- بچوں کے ساتھ مل کر کہانی سے بھاری الفاظ تلاش کریں اور بورڈ پر لکھیں۔
- بچے الفاظ کو پی میں اتار لیں۔

مجھے چھپتے چھپا دھنک مجھ

# سیشن 8

15 منٹ • بچوں سے بادل اور بارش کے بارے میں بات چیت کریں۔ دھنک کے رنگوں کے نام بتائیں اور بورڈ پر لکھیں۔ دھنک کی تصویر بھی دکھائیں۔ بچے اپنی کو پی میں بنائیں۔

30 منٹ • بارش سے متعلق الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ بچے یہ الفاظ اپنی کو پی میں لکھیں اور ان سے 5 جملے بنائیں۔

| | |
|---|---|
| بادل | اندھیرا |
| پانی | گرج چمک |
| کیچڑ | گیلے کپڑے |
| پکوڑے | چھتری |
| بجلی | ٹھنڈک |

# سیشن 9

- 10 منٹ کہانی بچہ پڑھنے سے پہلے سب بچوں سے پوچھیں کہ چھٹی کے دن وہ کیا کرتے ہیں اور کس طرح اپنی چھٹی گزارتے ہیں۔ کچھ بچے جواب دیں گے کہ وہ اپنے دوستوں کے ساتھ کھیلتے ہیں۔ کچھ جواب دیں گے کہ وہ امی کی مدد کرتے ہیں اور کچھ بتائیں گے کہ وہ ابو کے ساتھ ٹی وی دیکھتے ہیں۔ بچے جو بھی جواب دیں ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

- 10 منٹ کہانی بچہ پڑھ کر سنائیں۔

- 8 - 6 بچوں سے کہانی پڑھوائیں۔ پڑھنے کے دوران جہاں بچوں کو مشکل ہو ان کی مدد کریں۔

- 15 منٹ جملے بنوائیں۔ الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ بچے کوپی نکالیں اور 3 الفاظ چن کر جملے بنائیں۔
بچہ خاموش چھٹی دیکھ باجی اخبار میچ پڑھ

## ہوم ورک

- 10 منٹ املا کی تیاری کریں اور دیئے گئے الفاظ میں سے بھاری الفاظ کے جملے بنائیں۔
چھٹی اخبار خاموش میچ باجی دیکھ جائیں کھیلیں بھائی پڑھ

# سیشن 10

15 منٹ • بچوں سے کہیں کہ اپنی کوپی نکالیں اور املا لکھیں۔

- املا کی اصلاح کروائیں۔
- بچوں سے کہیں کہ دو دو بچے آپس میں کوپی تبدیل کریں۔
- جن الفاظ سے املا لیا گیا تھا وہ الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ بچوں سے کہیں کہ بورڈ پر لکھے گئے الفاظ دیکھ کر ایک دوسرے کا املا چیک کریں اور پھر کوپی ایک دوسرے کو واپس کر دیں۔
- بچے اپنی کوپی میں غلطیوں کی اصلاح کریں۔
- بعد میں خود بھی بچوں کی کوپی چیک کریں۔ نمبر دیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

10 منٹ • بچوں سے پوچھیں کہ انہیں ہوم ورک کرنا کیسا لگتا ہے۔ ہر بچے کو بولنے کا موقع دیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔ بچے جو بھی جواب دیں اسے بورڈ پر لکھتی جائیں۔ مثلاً:

- ہوم ورک کر نے میں مزا آتا ہے۔
- ہوم ورک کی وجہ سے کھیلنے کا وقت نہیں ملتا۔
- ہوم ورک کی وجہ سے سبق کی دوہرائی ہو جاتی ہے۔ جس سے بہت فائدہ ہوتا ہے۔
- ہوم ورک کرنے سے ہاتھ میں درد ہوتا ہے۔
- ہوم ورک کرنے کا وقت نہیں ملتا۔

20 منٹ • بچے اپنی کوپی نکالیں اور 5 جملوں کا پیرا گراف لکھیں ''ہوم ورک کرنا کیسا لگتا ہے۔''

# میں کون ہوں

## ٹیچرز گائیڈ

bookgroup

187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi, Pakistan
Phone: (9221) 3431-0641, 3453-8221

e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.urdubooksforchildren.com
www.bookgroup.org.pk